## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین جمعہ کواورنگی ٹاؤن میں انتخابی جلسے سے خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔14اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین 15اکتوبر بروز جمعہ شام 7 بجے حلقہ پی ایس 94 میں 17 اکتوبر کو ہونے والے ضمنی انتخاب کے سلسلے میں آفتاب گراؤنڈ سیکٹر E - 11 نزد اورنگی ٹاؤن آفس میں منعقدہ انتخابی جلسہ سے اہم ٹیلیفونک خطاب کریں گے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے اورنگی ٹاؤن کے حق پرست عوام ماؤں، بہنوں اور بزرگوں سے اپیل کی ہے وہ اس جلسے میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کرکے اپنے حق پرست ہونے کا ثبوت دیں۔

## ایم کیوایم کے ان کارکنوں کے اغوااور بہیمانہ قتل میں لیاری گینگ وار میں شامل بدنام زمانہ جرائم پیشہ دہشت گردہ ملوث ہیں

## لیاری گینگ وار میں شامل بدنام زمانہ جرائم پیشہ دہشت گردوں کوحکومت سندھ کے بعض اہم عناصر کی مکمل حمایت حاصل ہے

## پچھلے چوبیس گھنٹوں میں کراچی میں دومختلف واقعات میں ایم کیوایم کے پانچ کارکنان کواغوا کرکے بیدردی سے شہید کیا جاچکا ہے

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب کادیگرارکان رابطہ کمیٹی کے ہمراہ خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم افتاب نے گذشتہ دنوں ایم کیوایم کے پانچ کارکنوں کی پہ درپہ شہادت اوراس سلسلے میں حکومت سندھ کی بے حسی اوراظہار لاتعلقی پر شدید غم وغصہ اورافسوس کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ سندھ حکومت کے کچھ اہم عناصر لیاری گینگ وار کی سرپرستی کررہے ہیں۔جمعرات کے روز خورشید بیگم میموریل ہال میں دیگر ارکان رابطہ کمیٹی محترمہ نسرین جلیل، جاوید کاظمی، ڈاکٹر صغیر احمد، رضا ہارون اور شاکر علی کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس میں میڈیا کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم اپنے شہداء کے قاتلوں کے خلاف آیف آئی آر درج کرار ہے ہیں لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جس حکومت کے ہم اتحادی ہیں انہوں نے نہ تو ہم سے ہمدردی یاافسوس کیا ہے اور نہ ہی اس سلسلے میں کسی قسم کا کوئی رابطہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ 12/اکتوبر 2010ء کی شام ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے کارکنان محمد اظہر الحسن ولد ذکی الظفر اور محمد آصف ولد عبدالمجید کسی کام سے کھارادر گئے تھے کہ ان دونوں کارکنوں کولیاری گینگ وار کے دہشت گردوں نے گن پوائنٹ پراغواء کرلیا، انہیں نامعلوم مقام پر لیجاکررات بھر بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور سفاکی سے قتل کرنے کے بعد انکی لاشیں کل بروز بدھ 13/اکتوبر 2010ء ماڑی پور اور سعید آباد کے علاقوں میں پھینک دی گئیں۔ 29 سالہ محمد آصف شہید کی لاش ماڑی پور تھانہ کے علاقہ میں مواچ گوٹھ نورشاہ محلّہ سے ملی جبکہ 39 سالہ محمد اظہر الحسن شہید کی لاش سعید آباد تھانہ کے علاقے یوسف گوٹھ سے ملی۔ابھی ہم اظہر الحسن اور محمد آصف کی شہادت کا دکھ ہی منارہے تھے کہ آج ہمارے تین مزید کارکنوں سید خالد حسین صدیقی ولد عبدالصمد صدیقی، شہباز احمد ولد وہاب احمد اور صابر علی ولد فرمائش علی کو بیدردی سے قتل کردیا گیا۔ایم کیوایم کے ان تینوں کارکنوں کوگزشتہ رات گلستان جوہر کے علاقے پہلوان گوٹھ سے اغوا کیا گیا تھا اور آج صبح ان کی لاشیں شاہراہ فیصل پرملیر ہالٹ ملک اپارٹمنٹ کے قریب کار میں پائی گئیں۔ان تینوں کو بہیمانہ تشدد کرنے کے بعد سروں میں گولیاں ماری گئی تھیں۔اس طرح گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ایم کیوایم کے پانچ کارکن شہید کردیئے گئے۔شہر میں ایم کیوایم کے کارکنوں کوچن چن کرقتل کرنے کا سلسلہ شروع کردیا گیا ہے۔ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنوں کے بہیمانہ قتل کے واقعات انتہائی ظالمانہ اور سفاکانہ ہیں جنکی جس قدر مذمت کی جائے کم ہے۔جنوری 2009ء سے اب تک کراچی میں ٹارگٹ کلنگ اور دہشت گردی کے مختلف واقعات میں ایم کیوایم کے 200 کارکنان شہید کئے جاچکے ہیں جن میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید بھی شامل ہیں لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج تک ایم کیوایم کے شہید کارکنوں کے قاتلوں کوگرفتار نہیں کیا گیا۔وسیم افتاب نے کہا کہ ہماری اطلاعات کے مطابق لیاری کے قریب سے ایم کیوایم کے ان کارکنوں کے اغوااور بہیمانہ قتل میں لیاری گینگ وار میں شامل بدنام زمانہ جرائم پیشہ دہشت گردہ ملوث ہیں جنہیں حکومت سندھ کے بعض اہم عناصر کی مکمل حمایت حاصل ہے۔اس حقیقت سے آپ ہی نہیں بلکہ پوراشہراچھی طرح واقف ہے کہ لیاری گینگ وار میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کے مختلف گروہ کراچی میں بینکوں، مارکیٹوں، بازاروں اور بنگلوں میں ہونے والی بڑی بڑی ڈکیتیوں، صنعتکاروں، تاجروں اور دکانداروں سے بھتہ کی وصولی، اغوابرائے تاوان کی وارداتوں اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث ہیں۔یہ جرائم پیشہ عناصر دیدہ دلیری کے ساتھ اپنے ٹیلیفون نمبر اور نام دیکر تاجروں، صنعتکاروں اور اہلِ ثروت افراد کو کھلے عام لوٹ رہے ہیں، ان کے چہرے بینکوں کے سی سی ٹی وی سے لی گئی فوٹیج میں موجود ہیں، سی پی ایل سی کے پاس ان گروہوں کی تمام تفصیلات موجود ہیں جو اخبارات میں ناموں کے ساتھ شائع بھی ہوچکی ہیں لیکن اس کے باوجود پولیس اور محکمہ داخلہ کی ایجنسیاں ان جرائم پیشہ عناصر پر ہاتھ نہیں ڈالتیں اور آج نہ صرف لیاری بلکہ پوراشہران جرائم پیشہ گروہوں کے ہاتھوں یرغمال بنا ہوا ہے۔اخبارات اور میڈیا بھی گواہ ہے کہ گینگ وار میں ملوث ان دہشت گردوں کے

اجتماعات منعقد کرواکر اوران اجتماعات میں شریک ہوکر کون کون انہیں اپنی سیاسی چھتری فراہم کرتا ہے ۔انہوں نے کہا کہ ہم اس سے قبل بھی امریکہ، برطانیہ، کینیڈا، فرانس اور یورپی یونین میں شامل دیگر ممالک کو آگاہ کرتے رہے ہیں اورانہیں باور کراتے رہے ہیں کہ کراچی میں آئے دن ہونے والی دہشت گردی اورامن دشمن کارروائیوں میں گینگ وار میں ملوث جرائم پیشہ عناصر، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اوراس کی سیاسی سرپرستی کرنے والے عناصر ملوث ہیں اور آج بھی یہ کراچی دشمن عناصر اپنی کھلی دہشت گردی کے ذریعے کراچی کے امن واستحکام کو تباہ وبرباد کرنے پر تلے ہوئے ہیں جبکہ ہم اپنے رہنماؤں اور کارکنوں کی لاشیں اٹھا کر بھی شہر کے امن واستحکام کی خاطر صبر وبرداشت سے کام لے رہے ہیں اوراپنے کارکنوں کو یہی درس دے رہے ہیں کہ وہ صبر وبرداشت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں ۔انہوں نے کہا کہ ہم آزادی صحافت پر کامل یقین رکھتے ہیں اورصحافی بھائیوں کے پیشہ وارانہ فرائض میں کسی قسم کی دخل اندازی نہیں کرنا چاہتے ،ہم الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں، اینکر پرسن اور کالم نگاروں سمیت تمام صحافی بھائیوں سے نہایت ادب اوراحترام سے یہ گزارش کریں گے کہ وہ واقعات کی رپورٹنگ اوران پر تبصرے کرتے وقت الفاظ کے چناؤ میں اس بات کوملحوظ خاطر رکھیں کہ کسی غلط لفظ یا فقرہ کے استعمال سے واقعات کا غلط تاثر نہ لیا جاسکے۔بعض الفاظ سے دہرا مطلب نکلتا ہے جیسا کہ اکثر کہا جاتا ہے ''شہر میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات''۔اس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ جیسے دویا دو سے زائد فریقین آپس میں ایک دوسرے کو قتل کررہے ہیں ۔آپ کے علم میں ہے کہ پچھلے چوبیس گھنٹوں میں کراچی میں دومختلف واقعات میں ایم کیوایم کے پانچ کارکنان کو اغواکرکے بیدردی سے شہید کیا جاچکا ہے ۔اس کے ردعمل یا جواب میں کہیں کوئی واقعہ نہیں ہوا جس سے یہ حقیقت واضح ہے کہ یہ شہر میں ایم کیوایم کے کارکنوں کا یکطرفہ قتل (ONE SIDED TARGET KILLING OF MQM WORKERS) ہے۔جب کبھی یکطرفہ قتل کے واقعات کو دوفریقین کا تصادم بنا کر پیش کیا جاتا ہے تو نہ صرف ہم بلکہ لاکھوں کے جذبات مجروح ہوتے ہیں اوروہ ہم سے رابطہ کرتے ہیں ،ہم ان کی جانب سے صحافی بھائیوں سے نہایت احترام سے گزارش کرتے ہیں کہ ٹارگٹ کلنگ کی اصطلاح کے درست اورمناسب استعمال کواپنی رپورٹنگ میں یقینی بنائیں ۔ہم آپ سے دردمندانہ اپیل کرتے ہیں کہ خدارا قاتل ومقتول اورظالم ومظلوم میں فرق محسوس کریں اور یہ دیکھیں کہ کون اپنے لوگوں کی لاشیں اٹھا کر بھی صبر کررہا ہے اوروہ کون ہے جو ایم کیوایم کے معصوم وبے گناہ کارکنوں اور ہمدردوں کو چن چن کر قتل کررہا ہے اورکون قاتلوں، دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کررہا ہے ۔انہوں نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور تمام ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں ایم کیوایم کے کارکنوں اظہرالحسن شہید، محمد آصف شہید ، سید خالد حسین صدیقی شہید ، شہباز احمد شہید اور صابر علی شہید کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے ، جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی اورحمایت کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے ۔آخر میں ہم شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں اورانہیں یقین دلاتے ہیں کہ ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن ان کے غم میں برابر کا شریک ہے ۔ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایم کیو ایم کے شہید کارکنوں اور ہمدردوں کو جنت الفردوس میں جگہ دے اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔ہم ایم کیوایم کے کارکنوں اورعوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ کسی بھی قیمت پر اشتعال میں نہ آئیں اورصبر وبرداشت اورضبط وتحمل سے کام لیں اورقتل وغارتگری کے ذریعے امن واستحکام کو تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشیں کرنے والوں کواپنے صبر کی طاقت سے شکست دیں اوراس بات پر یقین رکھیں کہ ہمارے معصوم وبے گناہ کارکنوں کے سفاک قاتل اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نہیں بچ سکیں گے ۔

## جاپان کی حکومت ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے درمیان معاہدہ

## جاپان کے قونصل جنرل کے کے ایف کے مرکزی آفس پہنچے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

حکومت جاپان متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن (KKF) کو تقریباً ایک کروڑ روپے کی امداد دے گی جس کے تحت فاؤنڈیشن کے نذیر حسین ہسپتال کے بلڈ بینک کیلئے جدید آلات اورمشینری خریدی جائیں گی ۔اس سلسلے میں جمعرات کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل ایریا میں ایک سادہ لیکن پروقار تقریب میں اس حوالے سے معاہدے پر دستخط کیے گئے ۔اس معاہدے پر کے کے ایف کے مینجنگ ٹرسٹی اوررابطہ کمیٹی کے رکن مصطفیٰ کمال اورکراچی میں متعین جاپان کے قونصل جنرل MR. MASAHARU SATO نے دستخط کیے، اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل ، رضا ہارون، حق پرست سینیٹر عبدالحسیب، حق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی کے علاوہ جاپان کے وائس قونصل جنرل MR.TSUYOSHI HIKITA بھی موجود تھے۔اس سے قبل معزز مہمان جب خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر پہنچے تو ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور بعدازاں انہیں شیلڈ اورتحائف بھی پیش کیے گئے ۔

## حکومت جاپان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے درمیان ایک معاہدے پر دستخط

## معاہدے کے تحت حکومت جاپان خدمت خلق فاؤنڈیشن کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ایک کروڑ روپے دے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

کراچی میں متعین جاپان کے قونصل جنرل MR. MASAHARU SATO نے کہا ہے کہ پاکستان اور جاپان کے درمیان دوستانہ اور گہرے رشتے اور تعلقات موجود ہیں ہماری خواہش ہے کہ پاکستان ایک مضبوط اور مستحکم ملک ہو اور اس سلسلے میں جاپان پاکستان سے ہر ممکن تعاون کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے کے اہم ممالک میں شامل ہوتا ہے جس سے جاپان کے 1952ء سے خوشگوار تعلقات موجود ہیں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کے روز ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن (KKF) کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں امدادی گرانٹ دینے کے حوالے سے ہونے والے معاہدہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے منیجنگ ٹرسٹی مصطفیٰ کمال نے بھی خطاب کیا۔ جاپان کے قونصل جنرل نے کہا کہ جاپان کی خواہش ہے کہ پاکستان کے لوگوں کی زندگی میں مثبت تبدیلی آئے اور امید کی جاتی ہے کہ جاپان اور پاکستان کے باہمی تعلقات مزید مستحکم ہوں گے قونصل خانہ جاپان کراچی کو اس بات کی خوشی ہے کہ وہ ایسے ادارے کی مدد کر رہا ہے جو سماجی بہبود کے کاموں میں سرگرم عمل ہے، خدمت خلق فاؤنڈیشن کراچی ایک نہایت منظم سماجی اور فلاحی ادارہ ہے جس نے پاکستان کے ضرورت منداور غریب عوام کو سستے طبی علاج تعلیم اور دیگر ضرورت کے اشیاء فراہم کر کے بہت فائدہ پہنچایا ہے۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن اپنی خدمات بیرون ملک بھی انجام دے رہی ہے۔ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور خدمت خلق فاؤنڈیشن (KKF) کے منیجنگ ٹرسٹی مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ میں حکومت جاپان کی جانب سے فاؤنڈیشن کی دی گئی ایک کروڑ روپے کی امداد پر قائد تحریک جناب الطاف حسین، متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اور کراچی کے شہریوں کی جانب سے اظہار تشکر کرتا ہوں۔ یہ گرانٹ دراصل ایم کیو ایم کی سالہا سال سے جاری امدادی وفلاحی سرگرمیوں کا اعتراف ہے اور اس سے ہماری فلاحی و امدادی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں حکومت جاپان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن (KKF) کے درمیان ہونے والے امدادی گرانٹ کے حوالے سے ایک معاہدے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر کراچی میں متعین جنرل MR. MASAHARU SATO نے بھی خطاب کیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ حکومت جاپان نے ہمیں یہ امداد دے کر نہ صرف ہمارا حوصلہ بڑھایا ہے بلکہ ہماری فلاحی خدمات کا اعتراف کا بھی کیا ہے اور یہ ہم پر حکومت جاپان کی جانب سے اعتبار کا مظہر ہے۔ جاپانی امدادی بارش کا پہلا قطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین 1984 میں اپنی فلاحی سرگرمیوں کا آغاز کیا تھا جس پر عوام آج بھی اعتماد کرتے ہیں۔ 2005ء میں آزاد کشمیر اور شمالی علاقہ جات میں تباہ کن زلزلہ آیا تو دنیا نے دیکھا کہ ایم کیو ایم کے کارکنوں، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں، اراکان رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی غرض پوری ایم کیو ایم نے زلزلہ زدگان کی تاریخی خدمات انجام دی اور ایک ماہ یا دو ماہ نہیں بلکہ سالہا سال ان امدادی سرگرمیوں میں مصروف رہے اور ہمیں اس پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن حالیہ سیلاب زدگان کی بھی اپنے محدود وسائل سے عظیم خدمات انجام دے رہی ہے اور اب تک کروڑوں روپے مالیت کی امدادی سینکڑوں ٹرکوں پر روانہ کی جا چکی ہے اور یہ سلسلہ تا حال جاری ہے۔ اس سے قبل اخبار نویسوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جاپان کی امداد سے خدمت خلق فاؤنڈیشن (KKF) دو ماہ میں نذیر حسین کے بلڈ بینک کیلئے جدید آلات حاصل کر لے گی جبکہ گلستان جوہر میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی بلڈ بینک کے قیام پر کام جاری ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جاپان کی حکومت نے کے کے ایف کی امدادی سرگرمیوں اور نیٹ ورک کا پوری طرح جائزہ لیکر اور مکمل تحقیق کے بعد گرانٹ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کورنگی اور لانڈھی میں امدادی تقریبات کا انعقاد

## امدادی پروگراموں میں غرباء، مساکین اور مستحقین میں ہزاروں کی تعداد میں راشن کے پیکٹ تقسیم کئے گئے

## جناب الطاف حسین دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کا جذبہ رکھتے ہیں، حق پرست ارکان پارلیمنٹ

کراچی۔۔۔14، اکتوبر 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام کراچی کے مختلف علاقوں میں امدادی تقریبات کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے جس سے ہزاروں غرباء، مساکین اور مستحقین مستفید ہو رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کورنگی ضیاء کالونی اور لانڈھی کے علاقے مرغی خانہ قائد آباد کے مقامات پر بیک وقت دو بڑے امدادی پروگرام منعقد کئے گئے جن میں غرباء، مساکین اور مستحقین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ لانڈھی میں منعقدہ امدادی پروگرام میں حق پرست

صوبائی وزیر شیخ محمد افضل، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی علیم الرحمٰن، عامر معین پیرزادہ جبکہ کورنگی ضیاء کالونی میں منعقدہ امدادی پروگرام میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی خالد افتخار اور وسیم احمد نے مستحقین میں ہزاروں کی تعداد میں راشن کے پیکٹ تقسیم کئے، واضح رہے کہ راشن میں ایک خاندان ایک ہفتے تک با آسانی گزارا سکتا ہے۔امدادی پروگراموں کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست ارکان پارلیمنٹ نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کا جذبہ رکھتے ہیں اوران کی ہدایت پر ہی شہر کے مختلف علاقوں میں غرباء، مساکین اور مستحقین میں راشن اور امدادی سامان کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم میں سیاست کا مقصد صرف اقتدار کا حصول نہیں ہے بلکہ ایم کیوایم سالہا سال اپنے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت غرباء، مساکین اور مستحقین کی عملی امداد کرتی ہے۔اس موقع پر امدادی پروگراموں کے شرکاء نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام
## اندرون سندھ کے شہر نواب شاہ اور سانگھڑ زون میں ایمبولینس سروس سینٹر کا قیام

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن (KKF) کے زیر اہتمام اندرون سندھ کے شہر نواب شاہ میں ایمبولینس سروس سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کردیا گیا ہے۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد، اندون سندھ تنظیمی کمیٹی انچارج اراکین، زونل انچارج وارا کین کمیٹی، اور یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان سمیت ، سابق حق پرست بلدیاتی نمائندگان، اے پی ایم ایس او، میڈیکل ایڈ کمیٹی، تجارتی وسماجی شخصیات دیگر معزز تجارتی ومختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور ہمدرد عوام کی کثیر تعداد موجود تھی۔ایمبولینس سینٹر کا افتتاح حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد نے کیا۔افتتاحی تقریب میں عوام سے گفتگو کرتے ہوئے زبیر احمد نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتے ہوئے عوام کی بلاتفریق رنگ ونسل زباں امداد کیلئے نمایاں کردار ادا کررہا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن اپنے قیام کے آغاز سے لیکر آج تک مستحقین غریب وناداروں کی روزانہ کی بنیاد پر کفالت اور خدمت خلق فاونڈیشن نے عوامی خدمات کا دائرے کار وسیع کر کے ملک بھر میں اپنی شاخیں قائم کررہا ہے۔بعدازاں عوام نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے قائم ہونیوالے ایمبولینس سروس سینٹر کے ذریعے عوام کودی جانیوالی سہولیات پر اظہار تشکر کرتے ہوئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور انکی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں، بعد ازاں اندورن سندھ سانگھڑ زون میں بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ایمبولینس سروس سینٹر قائم کردیا گیا ہے۔ایمبولینس سروس سینٹر کا باقاعدہ افتتاح حق پرست صوبائی وزیر وزیر احمد نے کیا۔اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے راکین کے علاوہ سانگھڑ زون کے زونل انچارج سید محمد علی شاہ وارا کین زونل کمیٹی و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران و کارکنان سمیت معزز مہمانان گرامی حضرات نے شرکت کی۔

## امریکہ میں اسیر ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی بہن فوزیہ صدیقی کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔14/ اکتوبر 2010ء

امریکہ میں اسیر ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی بہن فوزیہ صدیقی نے جمعرات کو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی۔جمعرات کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہونے والی اس ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل اور رضا ہارون کے علاوہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی بھی موجود تھے۔محترمہ فوزیہ صدیقی نے ارکان رابطہ کمیٹی سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کیلئے آواز بلند کرنے اور احتجاج کرنے پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین، ایم کیوایم کے دیگر رہنماؤں اور کارکنوں سے اظہار تشکر کیا اور امید ظاہر کی کہ متحدہ قومی موومنٹ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی تک ان کے اہلخانہ سے تعاون جاری رکھے گی جبکہ فوزیہ صدیقی نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان پر زور دیا کہ متحدہ قومی موومنٹ عافیہ صدیقی کی رہائی تک اپنا تعاون اور جدوجہد جاری رکھے۔محترمہ نسرین جلیل اور رضا ہارون نے انہیں یقین دلایا کہ جب تک عافیہ صدیقی کی رہائی عمل میں نہیں آجاتی اس سلسلے میں ایم کیوایم کی کوششیں اوران کے اہلخانہ سے تعاون جاری رہے گا۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین جس کام کا بھی بیڑا اٹھا لیتے ہیں وہ ہر صورت اور ہر قیمت پر پورا کرتے ہیں لہٰذا فوزیہ صدیقی کو اس امر کا یقین ہونا چاہئے کہ ان کی بہن جناب الطاف حسین کی ذاتی کوششوں سے ایک نہ ایک دن ضرور پاکستان آئیں گی۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ کے کارکن شبیر احمد کے والد اقبال احمد، ایم کیوایم بلدیہ سیکٹر یونٹ 112/A کے کارکن حافظ کے بھائی محمد نفیس کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ (آمین)

## الطاف حسین نے ہمیشہ علم کے حصول کا درس اور علم سب کے لیے کا نعرہ دیا تا کہ طلباء کسی بھی طبقاتی تعلیم سے متاثر ہوئے بغیر اپنی حاصل کردہ تعلیم کے ساتھ اندرونی صلاحیتوں کو بھی بروئے کار لاسکیں اور ملک وقوم کا نام روشن کرسکیں۔

## اے پی ایم ایس او سیکٹر ای کے زیر اہتمام صادقین لان میں منعقدہ ماڈل پری انٹری ٹیسٹ سے وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن و دیگر کا خطاب

کراچی۔۔۔14 اکتوبر 2010

وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیرِ سندھ خواجہ اظہار الحسن نے کہا ہے کہ علم انسان میں شعور و آگہی پیدا کر کے میں جستجو کی نئی راہیں تلاش کرنے کا ذریعہ بنتا ہے اور جو لوگ اپنے متعلقہ علوم میں مہارت حاصل کر لیتے ہیں تو وہی لوگ مستقبل میں نئے آنے والے لوگوں کے لیے ایک درسگاہ کی حیثیت اختیار کر لیتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انھوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیکٹر ای کے زیر اہتمام سندھ بھر کی تمام میڈیکل یونیورسٹیز اور ان سے ملحقہ تعلیمی اداروں میں ہونے والے داخلوں کے طریقۂ کار کے بارے میں آگہی دینے سے متعلق داخلوں کے خواہشمند طلبہ و طالبات کے لیے صادقین لان میں منعقدہ ماڈل پری انٹری ٹیسٹ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کی وائس چیئر پرسن اسریٰ طفیل، وائس چیئر مین سید طاہر حسین، مرکزی اراکین احمد اعظم دستگیر، نعمان سمیع، اساتذہ کرام اور شعبۂ تعلیم سے وابستہ مختلف شخصیات بھی موجود تھیں۔انھوں نے کہا کہ پاکستان کے موجودہ حالات پوری دنیا کے سامنے ہیں کہ گزشتہ 63 برسوں سے ملک میں رائج اس فرسودہ دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کی وجہ سے شعبۂ تعلیم کو قطعی طور پر نظر انداز کیا گیا اور شعبۂ تعلیم کو وہ اہمیت نہیں دی گئی جو دیگر ممالک میں دی جاتی ہے۔انھوں نے کہا کہ 1947 کی جنگِ آزادی ہو یا آج نام نہاد فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام سے آزادی کی جنگ ہو طلباء کا کردار اہمیت کا حامل رہا ہے اور انھیں اس بات کی خوشی ہے کہ آج وہ اے پی ایم ایس او جیسی عظیم طلبہ تنظیم کے تحت طلبہ و طالبات کے لیے منعقدہ اس پروگرام میں شریک ہیں کہ جس نے ہمیشہ منفی روایات کا خاتمہ کر کے علمی میدان میں ہمیشہ ایک نئی روایت کی بنیاد ڈالی ہے۔انھوں نے ٹیسٹ کے شرکاء کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ خوب دل لگا کر اپنی تعلیم حاصل کریں کیونکہ وہی پاکستان کا کل ہیں اور اب پاکستان کے مستقبل کی باگ دوڑ انھیں ہی سنبھالنی ہوگی۔ماڈل پری انٹری ٹیسٹ سے اے پی ایم ایس او کی وائس چیئر پرسن اسریٰ طفیل اور وائس چیئر مین سید طاہر حسین نے اپنے اپنے خطابات میں کہا کہ بانی و قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ علم کے حصول کا درس اور علم سب کے لیے کا نعرہ دیا تا کہ طلباء کسی بھی طبقاتی تعلیم سے متاثر ہوئے بغیر اپنی حاصل کردہ تعلیم کے ساتھ اندرونی صلاحیتوں کو بھی بروئے کار لاسکیں اور ملک وقوم کا نام روشن کرسکیں۔ایک گھنٹے پر محیط اس ٹیسٹ میں کراچی بھر کے سیکڑوں طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆